**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2015**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ۔۔۔ اُمَّهٰتُهُمْ۔ (سورۂ احزاب آیت 6)

اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں واضح طور پر بیان کر دیا ہے کہ پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا مومنوں پر پُورا حق ہے یہاں تک کہ اُن کی / اُن کے

A۔ اولاد سے بھی زیادہ

B ۔ مال سے بھی زیادہ

C۔ والدین سے بھی زیادہ

D۔ جان سے بھی زیادہ

2۔ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِىْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ۔۔۔(سورۂ احزاب آیت 34)

درج بالا آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے پیغمبر صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اہلِ بیت کے درجات کو بلند کرنے کے لیے فرمایا ہے کہ اہلِ بیت یاد رکھیں

A ۔ ماضی کی باتیں

B۔ حِکمت کی باتیں

C۔ اہلِ مکّہ کی باتیں

D۔ مجاہدین کی باتیں

3۔ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ۔۔۔ (سورۂ احزاب آیت 22)

سورۂ احزاب آیت نمبر 22 کے مطابق جب مومنوں نے کافروں کے لشکر کو دیکھا اور اللہ تعالیٰ اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پیغام کو سچا پایا تو مومنین اس پیغام کے معترف ہوئے۔ اس سے اُن کے کس عمل میں اضافہ ہوا؟

A۔ ایمان اور اطاعت میں

B۔ حصولِ مال وزر میں

C۔ حصولِ تعلیم کی خواہش میں

D۔ فرمانِ رسول (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے سمجھنے میں

4۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا۔۔۔ (سورۂ ممتحنہ آیت 13)

درج بالا آیت کے مطابق وہ کون لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے غصّے کا اظہار فرمایا اور اُن سے دوستی کرنے سے منع فرمایا ہے؟

A۔ روزِ آخرت کو جھٹلانے والے

B۔ قرآنی آیات کو نہ سمجھنے والے

C۔ دینِ اسلام کو نہ ماننے والے

D۔ احادیث کو نہ ماننے والے

5۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا ۔۔۔ سَوَآءَ السَّبِيْلِ۔ (سورۂ ممتحنہ آیت 1)

درج بالا آیت کے مطابق لوگ اسلام دشمنوں کو خفیہ اور علی الاعلان پیغام بھیجتے ہیں۔ جو بھی ایسا کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک

A۔ اسلام دشمن ہے۔

B۔ بے علم ہے۔

C۔ ناسمجھ ہے ۔

D ۔ بھٹکا ہوا ہے۔

6۔ ہمارے لیے قرآنِ مجید کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم

A۔ علم الاخلاق کو سمجھیں۔

B۔ صرف ونحو کو سمجھیں۔

C۔ قرآنِ مجید کا ترجمہ پڑھیں۔

D۔ احادیث کا مطالعہ کریں۔

7۔ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَاْتُوْا ۔۔۔ (حدیث نمبر 14)

درج بالا حدیث کے مطابق وہ کون سا عمل ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے اور انسانی وقار کے خلاف ہے؟

A۔ نماز کے لیے دیر سے آنا

B۔ نماز کی پابندی نہ کرنا

C۔ نماز کے لیے دوڑتے ہوئے آنا

D۔ نماز کے وقت باتیں کرنا

8۔ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ وَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّيْنَ وَمَنْ هَدَمَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ۔ (حدیث نمبر 11)

درج بالا حدیث میں لفظ ’ هَدَمَ ‘ کے کیا معنی ہیں؟

A۔ ہدایت نہ دینا

B۔ راہنمائی کرنا

C۔ مٹا دینا

D۔ گرا دینا

براہِ کرم صفحہ الٹیے

9۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔ (حدیث نمبر 18)

درج بالا حدیث میں قدم 'غبار آلود ہونے' سے کیا مراد ہے؟

A ۔ دور کا سفر کرنا

B۔ پاؤں صاف نہ کرنا

C۔ جذبے سے سرشار ہونا

D۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مشقت کرنا

10۔ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ۔۔۔ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ۔ (حدیث 12)

مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ۔۔۔ جَسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ۔ (حدیث 13)

درج بالا دونوں احادیث میں جو بات مشترک ہے وہ کیا ہے؟

A۔ پانچ وقت کی نماز

B۔ ظہر کی نماز

C۔ عید کی نماز

D۔ جمعے کی نماز

11۔ حضرت ایّوب علیہ السّلام کو 'نِعْمَ الْعَبْدُ' 'اچھا بندہ' کس بنا پر کہا گیا ہے؟

A۔ خیر و ذکر کی وجہ سے

B۔ جذبہ ہمدردی کی وجہ سے

C۔ صبر واستقامت کی وجہ سے

D۔ صدقے اور خیرات کی وجہ سے

12۔ آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کے فرمان کے مطابق ماں باپ کی خدمت کے ذریعے درج ذیل میں سے کون سا درجہ حاصل کیا جا سکتا ہے؟

A۔ مجاہد کا

B۔ سخی کا

C۔ نمازی کا

D۔ روزے دار کا

13۔ اسلام نے انسانی معاشرے میں درج ذیل میں سے کس کے قیام کو بڑی اہمیت دی ہے؟

A۔ معاشی نظام
B۔ قبائلی نظام
C۔ معاشرتی نظام
D۔ خاندانی نظام

14۔ بیماریوں اور تکالیف سے بچنے کے لیے ہماری زندگی میں کس چیز کی اہمیت ہونا چاہیے؟

A۔ قیمتی لباس کی
B۔ بڑے گھروں کی
C۔ صفائی اور پاکیزگی کی
D۔ اچھی صحبت کی

15۔ طہارت کا سب سے بڑا ماحولیاتی فائدہ یہ ہے کہ اس کے ذریعے تشکیل پاتا ہے ایک

A۔ ذہین معاشرہ
B۔ صحت مند معاشرہ
C۔ پڑھا لکھا معاشرہ
D۔ پُرامن معاشرہ

16۔ اصغر نے احمد کے صاف ستھرے کپڑوں پر گندہ پانی ڈال دیا احمد کو بہت بُرا لگا لیکن اُس نے اپنی زبان سے ایک بھی بُرا لفظ نہیں کہا اور خاموشی سے اُٹھ کر چلا گیا۔ احمد کے اس عمل سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

A۔ اصلاح کرنا
B۔ دوستی ختم کرنا
C۔ صبر سے کام لینا
D۔ ردِّ عمل کا اظہار کرنا

براہِ کرم صفحہ الٹیے

17۔ قرآنِ مجید کی سورۂ کے مطابق جب والدین بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اولاد پر لازم ہے کہ اُن کے جذبات کا خیال رکھے، اُن سے نرمی اور محبت سے پیش آئے اور اُن

A۔ کو بہت ساری دینی کتابیں دیں۔

B۔ کو اپنی کمائی میں سے آدھا حصّہ دیں۔

C۔ کے لیے کھانے کا سامان مہیا کریں۔

D۔ کے لیے رحم کی دُعا کریں۔

18۔ خلاّف بن عباس الزاہروی علم کے کس شعبے میں ماہر سمجھے جاتے تھے؟

A۔ علمِ نجوم

B۔ علمِ فلسفہ

C۔ علمِ ارضیات

D۔ علمِ جرّاحت

19۔ اگرچہ بابائے کیمیا تو جابر بن حیان ہیں تاہم عصرِ حاضر میں علمِ کیمیا میں گراں قدر خدمات انجام دینے والے کون ہیں؟

A۔ ڈاکٹر ادیب رضوی

B۔ ڈاکٹر عبد القدیر خان

C۔ ڈاکٹر سلیم الزّماں صدیقی

D۔ ڈاکٹر ثمر مبارک مند

20۔ تاریخ اور قانون کے موضوعات پر درج ذیل میں سے کس کی تصانیف موجود ہیں؟

A۔ سیّد امیر علی

B۔ ابوریحان البیرونی

C۔ ڈاکٹر سلیم الزّماں صدیقی

D۔ خلاف بن عباس الزہراوی

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work